© rasailojaraid.com



مصنف نے ایسے موضوعات کا انتخاب کیا ہے جو انسان کی تعمیرِ سیرت میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں مثلاً حقیقتِ عملِ صالح، رمضان المبارک کے روزے اور جہاد وقتال، حدود اللہ کی حفاظت، نکاح شادی اور نماز پنجگانہ، ختم نبوت، ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن گراں قدر خطبات، حضرات وخواتین کو اپنی زندگی سادہ ومجاہدانہ بنانے کی ترغیب دیتے ہیں، مغربی فکر وفلسفہ کے مقابلے میں اسلامی طرزِ زندگی اختیار کرنے کی دعوت دیتے ہیں اور خلافتِ راشدہ کے لیے ہر فرد کی ذمہ داری کا احساس دلاتے ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ محترم انجینئر صاحب کی مساعی جمیلہ کو شرفِ قبولیت بخشے اور اصلاحِ معاشرہ کی توفیقِ مزید عطا فرمائے۔ آمین۔ (مبصر: مفتی نجم الحق)

● **نام کتاب:** مجلّہ الحمد ''سیرۃ نمبر''

**قیمت:** ۹۰ روپے پتہ: الحمد اکیڈمی۔ ای 165، بلاک ۳، پی ای سی ایچ ایس کراچی

دنیا کی کوئی قوم یا جماعت اس وقت تک کامیابی حاصل نہیں کر سکتی جب تک کہ وہ اپنے حقیقی رہبر ورہنما کی حیات سے واقفیت اور عملی مطابقت نہ رکھتی ہو اس تناظر میں بحیثیت مسلمان ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہم اپنے اس کامل واکمل رہنما کی سیرت سے آگاہی حاصل کریں جنھوں نے ہمیں زندگی کے ہر پہلو پر مکمل رہنمائی عطا فرمائی۔ محسن انسانیت سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کے اظہار کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بے مثل سیرت وکردار کے مختلف پہلوؤں اور گوشوں کو زیادہ سے زیادہ نمایاں کریں اور اس پر عمل کی کوشش کریں۔ اسی محبت کو مدنظر رکھتے ہوئے مدیر ''مجلّہ الحمد'' نے سیرت نمبر میں سیرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی مضامین شامل اشاعت کر کے گزشتہ سال ربیع الاول کی مناسبت سے سیرت طیبہ کے حوالے سے ایک مجلّہ خاص کا اجراء کیا تھا۔ اس مجلّے کو اس سال ۲۰۱۴ء میں اعلیٰ تعلیمی ثانوی بورڈ کراچی نے پزیرائی عطا کرتے ہوئے مقابلہ مجلّات میں دوسرا انعام دیا۔ اللہ تعالیٰ مدیر ''مجلّہ الحمد'' کی اس کوشش کو شرف قبولیت سے نوازیں۔

● **نام کتاب:** سالانہ مجلّہ: یادگارِ اکابر

**قیمت:** ۳۵۰ روپے ناشر: مکتبہ رشید پر بالمقابل مقدس مسجد اردو بازار کراچی ۷۴۲۰۰

ہمارے مشائخ اور بزرگان علمائے دیوبند کو اللہ تعالیٰ نے جامعیت کاملہ سے نوازا تھا۔ اور ان میں ایسے ایسے کمالات اور صفات جمع فرمائے تھے کہ اس کی مثال نہیں ملتی، چنانچہ وہ علم وعمل، تقویٰ وطہارت، تصنیف وتالیف، تعلیم وتدریس، اصلاح وتربیت، احقاق حق اور میدان سیاست ہر میدان میں امام نظر آتے ہیں۔ انہوں نے زندگی کے ہر شعبے میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں اور خدمت دین کا کوئی گوشہ ایسا نہیں جس میں ان بزرگوں نے اپنی جدوجہد کے انمنٹ نقوش نہ چھوڑے ہوں۔ ہر بزرگ کی علیحدہ شان ہے، ان کی زندگی قابل رشک اور ان کا کردار قابل تقلید ہے۔ ان میں سے اکثر مشائخ نے عامۃ الناس کے لیے کچھ مضامین سپردِ قلم کیے تاکہ خلقِ خدا ان کی دعوت وخدمت دین سے استفادہ کر سکے، ان نادر ونایاب اور قیمتی مضامین کو قاری تنویر احمد شریفی نے اکابر علماء دیوبند کے نایاب مقالات اپنے سالانہ مجلّہ ''یادگارِ اکابر'' میں یکجا کر کے ایک بہترین اور عمدہ کام سرانجام دیا، ہر منتخب شدہ مضمون کا تعارف کراتے ہوئے اکثر مضامین میں ذیلی عنوانات کا



© rasailojaraid.com